وہ چیزیں جو Every Student Succeeds Act (ہر طالب علم کے کامیابی سے ہمکنار ہونے سے متعلق ایکٹ) کے مدنظر نیو یارک اسٹیٹ کے منصوبے کے بارے میں تمام

5

New York State EDUCATION DEPARTMENT
Knowledge › Skill › Opportunity

ESSA کیا ہے؟	Every Student Succeeds Act (ESSA) ایک قانون ہے جو بتاتا ہے کہ ریاستیں سرکاری اسکولوں کا تعاون کرنے کے لیے وفاقی رقم کو کس طرح استعمال کر سکتی ہیں۔ جنوری 2018 میں، وفاقی حکومت نے ESSA کے تحت نیو یارک ریاست کو سالانہ موصول ہونے والی تقریباً $1.6 بلین رقم خرچ کرنے کے ریاستی منصوبہ کو منظوری دے دی ہے۔
اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟	نیو یارک ریاست یہ یقینی بنانے کے لیے پابند عہد ہے کہ سبھی طلبہ اسکول میں کامیاب ہوں اور پھلیں پھولیں چاہے وہ جو بھی ہوں، جہاں بھی رہتے ہوں، جہاں بھی اسکول میں جاتے ہیں یا جہاں سے بھی آئے ہوں۔ موسم خزاں 2016 کے بعد سے، نیو یارک ریاست نے ایک ایسا منصوبہ تیار کرنے کے لیے تاثرات طلب کیے ہیں جو *تمام* طلبہ کے لیے برابری، رسائی اور موقع کو بہتر بناتا ہو۔
والدین کو کیا جاننے کی ضرورت ہے؟	منصوبے میں والدین اور اہل خانہ کے لیے شامل اہم عناصر کو ذیل میں نمایاں کیا گیا ہے۔ ہم آپ کو منصوبے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے [NYSED کی ویب سائٹ](#) کا ESSA سیکشن ملاحظہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

1 نیو یارک اسٹیٹ سبھی کے لیے ایک ہمہ جہت تعلیم کی قدر کرتا ہے۔

والدین اور اہل خانہ کو یہ جاننا چاہیے کہ صرف علمی مضامین میں ہی نہیں، بلکہ بہت سارے شعبوں میں ان کے بچہ کا اسکول کیسی

اسکول اور اضلاع کی پیمائش ہر سال ان اشاریوں کو سامنے رکھ کر کی جائے گی:

سبھی اسکولوں کے لیے	ہائی اسکولوں کے لیے
• فنون انگریزی زبان • ریاضی • سائنس • انگریزی کی آموزش میں پیشرفت (ان لوگوں کے لیے جو انگریزی کو بہ حیثیت ایک اضافی زبان کے سیکھ رہے ہیں) • دیرینہ غیر حاضری پسندی (10% یا زیادہ تعلیمی دنوں میں غیر حاضری)	• سماجی علوم • سند یافتگی کی شرح • کالج، کیریئر، اور تمدنی آمادگی کے اشاریے: ایڈوانسڈ کورس ورک لینا، تکنیکی تعلیم کے سرٹیفکیٹس حاصل کرنا، وغیرہ

آئندہ کے اشاریے:

- اسکول سے باہر معطلیاں (2018-19 کے نتائج سے شروع کر کے)
- ہائی اسکول کے لیے تیار ہونا (ڈیٹا دستیاب ہو جانے پر)

2 نیو یارک اسٹیٹ امتحان دینے کا وقت کم کرنا اور امتحان دینے کے تجربے کو بہتر بنانا چاہتا ہے۔

گریڈز 3-8 میں انگریزی اور ریاضی میں سے ہر ایک کے ریاستی امتحانات کم کرکے تین سے دو دن کر دیے جائیں گے۔

95%

قانون کا تقاضا ہے کہ ہر زیر امتحان ضمنی گروپ کے 95% طلبہ مناسب ریاستی امتحانات دیں۔ شرکت کو بڑھانے کے لیے نیو یارک ریاست والدین، اسکولوں اور اضلاع کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔

نیو یارک ریاست ریاضی اور سائنس کے امتحانات کا مزید زبانوں میں ترجمہ کرتی رہے گی، اور فنڈ دستیاب ہونے پر، طلبہ کی آبائی زبان میں فنون زبان کا امتحان تیار کرے گی۔

3

نیو یارک اسٹیٹ کامیابی کے لیے تیار ہونے اور یہ یقینی بنانے میں اساتذہ اور اسکول قائدین کی مدد کرے گا کہ تمام طلبہ کو ایک قابل ترین معلم تک رسائی حاصل ہے۔

ریاست ہذا اس بابت تبدیلیوں پر نگاہ رکھے گی کہ اساتذہ اور قائدین کس طرح سے تیار ہیں تاکہ اول دن کے لیے ان کے تیار ہونے کو یقینی بنایا جائے۔

نیو یارک اسٹیٹ کے پاس بہت سارے قابل ترین اساتذہ ہیں۔ ہم یقینی بنائیں گے کہ سبھی اسکولوں کے پاس انہیں راغب کرنے اور انہیں برقرار رکھنے کی اہلیت ہو۔

4

نیو یارک ریاست ایسے وقت میں اضافی مدد کے لیے والدین سے رائے لینے کی کارروائی شروع کر رہی ہے جب کہ ان کے بچے کے اسکول کی اصلاح کے لیے نشاندہی کی گئی ہے۔

اگر آپ کے بچے کے اسکول کی نشاندہی کم کارکردگی دکھانے والے کے بطور ہوتی ہے…

…پھر اسے والدین، اساتذہ اور طلبہ سے یہ پوچھنا ہوگا کہ ان کے خیال میں اسکول کس طرح بہتری لا سکتا ہے…

…اور آپ اس بابت فیصلہ کرنے میں شرکت کرسکیں گے کہ آپ کا اسکول اس وفاقی رقم کے کچھ حصّہ کو کس طرح خرچ کرتا ہے جو کہ اسے بہتری لانے کے لیے موصول ہوتی ہے۔

5

نیو یارک اسٹیٹ والدین کو ان کے بچوں کے اسکول کی ایک مزید مکمل تصویر فراہم کرے گا۔

نئی عوامی رپورٹوں میں طالب علم کے امتحان کے اسکور، سند یافتگی کی شرح اور اسکول، اضلاع اور ریاست کے حوالے سے دیگر نتائج کی بابت معلومات درج ہوں گی جو

رپورٹوں سے ان چیزوں کے بارے میں بھی معلومات حاصل ہوں گی جن کا والدین بہت زیادہ خیال رکھتے ہیں، جیسے آرٹس میں شرکت کرنے کے لیے کلاس سائز یا طلبہ کے لیے مواقع

والدین کو نئی رپورٹوں کے ذریعے یہ معلوم ہوگا کہ ہر اسکول فی طالب علم کتنا خرچ کر رہا ہے۔

نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم (Education Department) اخراجات کو ایڈجسٹ کرنے میں اضلاع کی مدد کرنے یا طلبہ کی ضرورتیں پوری کرنے کے نئے طریقے پیش کرنے کے لیے ان رپورٹوں میں درج معلومات کو استعمال کرے گا۔